© rasailojaraid.com

# اظہار تعزیت

مولانا محمد رفیق مدنپوری رحمۃ اللہ علیہ کی ہمشیرہ محترمہ مولانا محمد صدیق مدن پوری حفظہ اللہ کی پھوپھی صاحبہ یکم جنوری 2005ء بروز ہفتہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ مرحومہ انتہائی نیک سیرت اور قرآن مجید کی خادمہ تھیں۔ ہزاروں بچوں کو انہوں نے قرآن مجید کی تعلیم دی ان کی نماز جنازہ پتوکی ریلوے اسٹیشن کی گراؤنڈ میں مولانا محمد حنیف سلفی صاحب نے پڑھائی جس میں ہر مکتبہ فکر کے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

ادارہ ترجمان الحدیث مرحومہ کی وفات پر ان کے بیٹے قاری عبدالمنان کاشف صاحب اور بھتیجے مولانا محمد صدیق مدن پوری صاحب سے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے مرحومہ کیلئے دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی بشری لغزشوں سے درگزر کرتے ہوئے انہیں جنۃ الفردوس میں بلند مقام نصیب فرمائے۔ آمین (ادارہ)

اللھم اغفر لھا وارحمھا وعافھا واعف عنھا

## قاری محمد ریاض صاحب کو صدمہ

جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں شعبہ تجوید کے استاد قاری محمد ریاض صاحب کے والد محترم جناب فلک شیر نون مختصر علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مرحوم نہایت متقی، پرہیز گار اور صوم وصلوۃ کے پابند تھے۔ ان کی وفات خاندان کیلئے ایک بہت بڑا دھچکا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے مرحوم کی نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں 76/12.L بلوچاں والا میں ادا کی گئی۔ جامعہ سلفیہ سے شیخ الحدیث حافظ عبدالعزیز علوی صاحب، مولانا حافظ مسعود عالم صاحب مولانا محمد یونس بٹ صاحب، پروفیسر چوہدری یٰسین ظفر صاحب اور دیگر اساتذہ وطلبہ نے شرکت کی نماز جنازہ شیخ الحدیث حافظ عبدالعزیز علوی صاحب نے پڑھائی اور ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

ادارہ ترجمان الحدیث، اساتذہ، انتظامیہ وطلبہ جامعہ سلفیہ نے محترم قاری محمد ریاض و دیگر پسماندگان سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کی بلندی درجات کی دعا کی۔ اللہ تعالیٰ لواحقین کو صبر جمیل اور مرحوم کو جنۃ الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔ آمین

اللھم اغفر لہ وارحمہ وعافہ واعف عنہ


فیصل یعقوب کلاتھ مرچنٹ

اصل کرنڈی، لٹھا سفید، لٹھا رنگدار پختہ کلر،
کاٹن سفید ورنگدار پختہ کلر
ہر قسم کی مردانہ ورائٹی کا مرکز
041-633809
Mob# 0300-9653599
پنجاب بلاک مدینہ بازار P-162 کی کلاتھ مارکیٹ فیصل آباد

سائن بورڈ، فلاکس بینرز، سکرین پرنٹرز اور اشتہارات کی کتابت کیلئے
حافظ سلفی
پینٹرز
کاتب
سی مارکیٹ بالمقابل اڈا شیخوپورہ
04931-53331-613069
بدیا پینٹرز: حافظ شبیر احمد سجاد


### مضمون نگار حضرات کی خدمت میں چند گزارشات

۱۔ مضمون فل اسکیپ صفحہ کی ایک جانب تحریر فرمائیں۔
۲۔ فوٹو کاپی کی بجائے اصل تحریر ارسال فرمائیں۔
۳۔ مضمون بھیجنے کے بعد باری کا انتظار فرمائیں۔
۴۔ مضمون لکھتے وقت مکمل حوالہ درج کریں، مثلاً صفحہ نمبر، جلد نمبر، باب وغیرہ۔ (ادارہ)

### قارئین متوجہ ہوں

جن قارئین کا سالانہ زرتعاون ختم ہو چکا ہے ان کے پرچہ میں مخصوص دائرے میں سرخ نشان ہے۔ لہٰذا وہ حضرات اولین فرصت میں سالانہ زرتعاون مبلغ-/150 روپے بذریعہ منی آرڈر ارسال فرمائیں تاکہ ترسیل جاری رکھی جاسکے۔

خط و کتابت کرتے وقت خریداری نمبر ضروری درج کریں۔ (ادارہ)


اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے

**مجلہ ترجمان الحدیث**

میں اشتہار دیں

انتہائی معقول ریٹ........ بہترین سرکولیشن

| | |
|---|---|
| بیک ٹائٹل | 5000 روپے |
| بیک ٹائٹل اندرون | 4000 روپے |
| فل صفحہ اندرون | 3000 روپے |
| نصف صفحہ اندرون | 1500 روپے |
| چوتھائی صفحہ اندرون | 800 روپے |
| عام چھوٹے اشتہارات | 500 روپے |

رابطہ کیلئے:
منیجر مجلہ ترجمان الحدیث جامعہ سلفیہ فیصل آباد
فون: 374 / 041-78274




© rasailojaraid.com